احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 25 جون 2010ء

روزنامہ (ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخر الحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 25 جون 2010ء 12 رجب 1431 ہجری 25 احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 135

یسعیاہ نبی کی پیشگوئی

اس دن سات عورتیں ایک مرد کو پکڑ کے کہیں گی کہ ہم اپنی روٹی کھائیں گی اور اپنے کپڑے پہنیں گی تو ہم سب سے صرف اتنا کر کہ ہم تیرے نام کی کہلاویں تا کہ ہماری شرمندگی مٹے۔ اس دن خداوند کی شان شوکت اور حشمت ہوگی اور زمین کا پھل ان کے لئے جو بنی اسرائیل میں سے بچ نکلے لذیذ اور خوشنما ہوگا اور ایسا ہوگا کہ ہر ایک جو صیہون میں چھوٹا ہوا ہوگا اور یروشلم میں باقی رہے گا بلکہ ہر ایک جس کا نام یروشلم کے زندوں میں لکھا ہوگا مقدس کہلائے گا۔ (یسعیاہ باب 4 آیت 1 تا 3)

صیہون اور یروشلم استعارہ ہیں اور رسول کریمؐ کے زمانہ میں کثرت ازدواج کا ذکر ہے۔

(تفصیل دیباچہ تفسیر القرآن صفحہ 81)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تیسری علامت کہ الہام اور وحی کے ساتھ جو ایک قول ہے اس کے ساتھ خدا کا ایک فعل بھی ہو۔ یہ ایسی کامل علامت ہے جو کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا۔ یہی علامت ہے جس سے خدا کے سچے نبی جھوٹوں پر غالب آتے رہے ہیں کیونکہ جو شخص دعویٰ کرے کہ میرے پر خدا کا کلام نازل ہوتا ہے پھر اس کے ساتھ صدہا نشان ظاہر ہوں اور ہزاروں قسم کی تائید اور نصرت الٰہی شامل حال ہو اور اُس کے دشمنوں پر خدا کے کھلے کھلے حملے ہوں پھر کس کی مجال ہے کہ ایسے شخص کو جھوٹا کہہ سکے۔ مگر افسوس کہ دنیا میں بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں کہ اس بلا میں پھنس جاتے ہیں کہ کوئی حدیث النفس یا شیطانی وسوسہ اُن کو پیش آ جاتا ہے تو اُس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ لیتے ہیں اور فعلی شہادت کی کچھ پروا نہیں رکھتے۔

ہاں یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو کبھی شاذ و نادر کے طور پر کوئی سچی خواب آ جائے یا سچا الہام ہو جائے مگر وہ صرف اس قدر سے مامور من اللہ نہیں کہلا سکتا اور نہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ نفسانی تاریکیوں سے پاک ہے بلکہ اس قدر رویا اور الہام میں قریباً تمام دنیا شریک ہے اور یہ کچھ بھی چیز نہیں اور یہ مادہ کبھی کبھی خواب یا الہام ہونے کا محض اس لئے انسانوں کی فطرت میں رکھا گیا ہے تا ایک عقلمند انسان خدا کے برگزیدہ رسولوں پر بدظنی نہ کر سکے اور سمجھ سکے کہ وحی اور الہام کا ہر ایک انسان کی فطرت میں تخم داخل ہے پھر اس کی کامل ترقی سے انکار کرنا حماقت ہے۔

لیکن وہ لوگ جو خدا کے نزدیک مُلہم اور مُکلّم کہلاتے ہیں اور مکالمہ اور مخاطبہ کا شرف رکھتے ہیں اور دعوت خلق کے لئے مبعوث ہوتے ہیں ان کی تائید میں خدا تعالیٰ کے نشان بارش کی طرح برستے ہیں اور دنیا اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتی اور فعل الٰہی اپنی کثرت کے ساتھ گواہی دیتا ہے کہ جو کلام وہ پیش کرتے ہیں وہ کلام الٰہی ہے۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 537)

آپس میں محبت اور نظام جماعت کی پابندی

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

''آپس میں محبت و پیار اور بھائی چارے کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ ہر قسم کے دھوکے سے اپنے آپ کو بچانے کی ضرورت ہے۔ نظامِ جماعت کی پابندی کی ضرورت ہے۔ جماعت احمدیہ کی خوبصورتی تو نظامِ جماعت ہی ہے۔ اگر اس خوبصورتی سے دور ہٹ گئے تو ہمارے میں اور غیر میں کیا فرق رہ جائے گا۔ حضرت مسیح موعود نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ تم نمازیں پڑھتے ہو وہ بھی نمازیں پڑھتے ہیں۔ تم روزے رکھتے ہو دوسرے (۔) بھی روزے رکھتے ہیں۔ تم حج پر جاتے ہو دوسرے بھی حج پر جاتے ہیں۔ یا بعض صدقات بھی دیتے ہیں تو کوئی فرق ہونا چاہئے۔ ایک بڑا واضح فرق نظامِ جماعت ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ خلافت سے تو ہمارا وفا کا تعلق ہے لیکن جماعتی نظام سے اختلاف ہے۔ جماعتی نظام بھی خلافت کا بنایا ہوا نظام ہے۔ اگر کسی عہدیدار سے شکایت ہے تو خلیفہ وقت کو لکھا جا سکتا ہے۔ اس کی شکایت کی جا سکتی ہے۔ لیکن نظامِ جماعت کی اطاعت سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ 23 اپریل 2010ء۔ الفضل انٹرنیشنل 14 مئی 2010ء)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

تعلیم القران کلاس کا التواء

نظارت تعلیم القرآن کے تحت امسال جولائی 2010ء میں ہونے والی ''فضل عمر تعلیم القرآن کلاس'' بوجوہ ملتوی کر دی گئی ہے۔ محترم امراء اضلاع، صدران جماعت اور سیکرٹریان تعلیم القرآن نوٹ فرمالیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ووقف عارضی)

35واں جلسہ سالانہ جماعت ہائے احمدیہ جرمنی

منعقدہ 27,26,25 جون بروز جمعۃ المبارک ، ہفتہ ، اتوار

احمدیہ ٹیلی ویژن پر ٹیلی کاسٹ ہونے والے LIVE پروگرام

جماعت ہائے احمدیہ جرمنی کا جلسہ سالانہ مورخہ 27,26,25 جون 2010ء کو منعقد ہورہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز ہوں گے۔ احمدیہ ٹیلی ویژن اس موقع پر جلسہ سالانہ جرمنی کے Live پروگرام ٹیلی کاسٹ کرے گا۔ ان کے علاوہ بعض دیگر ریکارڈنگز بھی نشر کی جائیں گی۔ تفصیل حسب ذیل ہے۔

جمعۃ المبارک 25/جون 2010ء

4:50 سہ پہر پرچم کشائی

5:00 سہ پہر **خطبہ جمعہ حضور انور براہ راست**

8:00 رات تلاوت قرآن کریم وترجمہ

8:10 رات نظم

8:20 رات تقریر: مکرم ڈاکٹر عبدالغفار صاحب (اردو)

8:50 رات نظم

9:00 رات تقریر: مکرم مولانا حیدر علی ظفر صاحب مشنری انچارج جرمنی (اردو)

9:30 رات نظم

9:40 رات تقریر: مکرم محمد اشرف ضیاء صاحب (اردو)

ہفتہ 26/جون 2010ء

1:00 دوپہر تلاوت قرآن کریم

1:10 دوپہر نظم

1:15 دوپہر تقریر: مکرم مولانا طاہر احمد صاحب (اردو)

1:45 دوپہر نظم

1:50 دوپہر تقریر: مکرم مولانا شمشاد احمد قمر صاحب (اردو)

2:25 دوپہر تقریر: مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب (جرمن)

3:00 دوپہر **حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے خطاب**

6:30 شام تقاریر اہم ملکی شخصیات

8:00 شام مجلس سوال وجواب (جرمن زبان)

9:30 رات تلاوت قرآن کریم

9:40 رات نظم

9:50 رات تقاریر اہم ملکی شخصیات

10:20 رات تقریر: مکرم مولانا عبدالسمیع خان صاحب (اردو)

اتوار 27/جون 2010ء

1:00 دوپہر تلاوت قرآن کریم اور نظم

1:20 دوپہر تقریر: مکرم مولانا محمد الیاس منیر صاحب (اردو)

1:50 دوپہر نظم

2:00 دوپہر تقریر: مکرم ڈاکٹر افتخار احمد ایاز صاحب (اردو)

2:30 دوپہر نظم (جرمن)

2:40 دوپہر تقریر: مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی

اختتامی اجلاس

7:15 رات تقاریر اہم ملکی شخصیات

7:45 رات تلاوت قرآن کریم

8:00 رات نظم

8:30 رات **اختتامی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز**

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر

نمبر 580

طیور آسمانی کے نشیمن میں خدائے ذوالعجائب کا ایک عجیب تصرف

28 مئی 2008ء تاریخ پاکستان ہی کا نہیں تاریخ عالم کا بھی ایک یادگار دن ہے۔ جبکہ شمع قدرت ثانیہ کے جانباز پروانوں میں سیدنا محمود کی مقدس بستی میں ایک نہایت پُرشکوہ اور بے پناہ ولولۂ ذوق وشوق سے شاندار چراغاں کیا۔ چراغاں کی مبارک سرعتوں نے کئی عارفوں کے قلوب واذہان میں ایک تلاطم برپا کیے رکھا اور یہ ان کے سینہ صافی سے تمنائیں تلاطم بن کر ابھرتی رہیں کہ اے کاش ہمارا آسمانی اور محبوب آقا اور رب کائنات اور رب الارواح یہ اجازت عطا فرمائے کہ قدرت ثانیہ کے پہلے مظہر سیدنا مولانا حافظ نورالدین بھیروی کے دست مبارک پر بیعت کرنے والے پاک نفس اور خوش نصیب بزرگ، لندن، ربوہ اور قادیان تک کے روحانی مناظر کو کشفی آنکھوں سے ملاحظہ کرسکیں۔

تاہم خدائے ذوالعجائب کا ایک ایسا عجیب منظر دیکھنے میں آیا کہ روح وجد کر اٹھی دماغ باری تعالیٰ کی حمد سے اس طرح بھر گیا جس طرح شیشہ عطر سے لبریز ہوتا ہے اور وہ یہ کہ راقم الحروف نے بعض ذمہ دار مرکزی شخصیات سے پتہ کیا کہ اس موقع پر کتنے دیئے جلائے گئے (علاوہ مشعلوں، ٹیوبوں اور بجلی کے چھوٹے قمقموں کے) مجھے یہ معلوم کرکے از حد مسرت ہوئی جشن خلافت پر احمدی بچوں اور جوانوں نے کم وبیش چار لاکھ دیئے جلائے اور اتنی ہی تعداد میں حضرت اقدس مسیح موعود کے وصال کے وقت آپ کے رفقاء اور محبین و مخلصین تھے چنانچہ حضرت اقدس نے اپنے وصال مبارک سے صرف چند گھنٹے قبل اپنی آخری تالیف ”پیغام صلح“ میں تحریر فرمایا:۔

”اگر صلح تام کے لئے ہندوستان اور آریہ صاحبان طیار ہوں کہ وہ ہمارے نبی ﷺ کو خدا کا سچا نبی مان لیں اور آئندہ توہین اور تکذیب چھوڑ دیں تو میں سب سے پہلے اس اقرار نامہ پر دستخط کرنے کو تیار ہوں کہ ہم احمدی سلسلہ کے لوگ ہمیشہ وید کے مصدق ہوں گے اور وید اور ان کے رشیوں کا تعظیم اور محبت سے نام لیں گے اور اگر ایسا نہ کریں تو ایک بڑی رقم تاوان کی جو تین لاکھ روپیہ سے کم نہیں ہوگی ہندو صاحبوں کی خدمت میں ادا کریں گے.......... یاد رہے کہ ہماری احمدی جماعت اب چار لاکھ سے کم نہیں اس لئے ایسے بڑے کام کے لئے تین لاکھ روپیہ چندہ کوئی بڑی بات نہیں“

(روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 455)

سبحان اللہ۔ یہ اللہ جلشانہ ہی کا تصرف خاص ہے جس کی برکت سے نونہالان احمدیت کو چار لاکھ رفقاء مسیح موعود کی مجموعی تعداد کے عین مطابق چار لاکھ دیئے فروزاں کرنے اور ان میں سے ہر ایک کی نیابت کا اعزاز بخشا اور ساتھ ہی اس عظیم الشان ہستی کے عظیم بانی کی بے شمار یادیں تازہ ہوگئیں جس نے قیام پاکستان سے بھی ڈیڑھ سال قبل جلسہ سالانہ قادیان 1945ء میں پیشگوئی فرمائی تھی۔ ؎

تعریف کے قابل ہیں یا رب ترے دیوانے
آباد ہوئے جن سے دنیا کے ہیں ویرانے
فرزانوں نے دنیا کے شہروں کو اجاڑا ہے
آباد کریں گے اب دیوانے یہ ویرانے

حضرت مصلح موعود کا پُرشوکت پیغام اکیسویں صدی کے احمدیوں کے نام

حضرت سیدنا محمود کی تقریر جلسہ سلانہ 1915ء پر ایک ابدی شان کا حامل پیغام عہد حاضر کی دنیائے احمدیت کے نام:۔

”وہ دن جلد ہی آنے والے ہیں جبکہ دنیا کہے گی کہ تمہارے زمانہ میں تم سے مہذب کوئی نہیں گزرا تم نے خدا تعالیٰ کا حکم مانا ہے اس کے رسول کا حکم مانا ہے اس کے مسیح کو قبول کیا ہے پس تم ہی دنیا میں برگزیدہ قوم ہو۔ تمہارے کپڑوں سے لوگ برکت ڈھونڈیں گے اور تمہارے ناموں کی عزت کریں گے کیونکہ تمہارے نام عزت کے ساتھ آسمان پر لکھے گئے ہیں پس کون ہے جو انہیں دنیا سے مٹا سکے۔

لیکن یہ بات بھی یاد رکھو کہ جس طرح تم پر اس قدر انعام ہوئے ہیں اسی طرح تمہارے فرض بھی بہت بڑھ گئے ہیں.......... دیکھو میں آدمی ہوں اور جو میرے بعد ہوگا وہ بھی آدمی ہی ہوگا جس کے زمانہ میں فتوحات ہوں گی وہ اکیلا سب کو نہیں سکھلا سکے گا تم ہی لوگ ان کے معلم بنو گے پس اس وقت تم خود سیکھو تا ان کو سیکھا سکو **خدا تعالیٰ نے فیصلہ کردیا ہے کہ تم لوگ دنیا کے پروفیسر بنادیئے جاؤ۔**“

(انوار خلافت صفحہ 115-116 مرتب حضرت منشی غلام نبی بلانوی مرحوم مدیر الفضل قادیان دارالامان اشاعت 1916ء سٹیم پریس امرتسر)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع : ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب سیکرٹری وقف نو ربوہ

دوسری سالانہ اجتماعی تقریب آمین

واقفین نو ربوہ

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 27 مئی 2010ء کو رفیع بینکوئیٹ ہال میں صبح ساڑھے نو بجے زیر صدارت مکرم ملک خالد مسعود صاحب قائمقام ناظر اعلیٰ وامیر مقامی دوسری آل ربوہ تقریب آمین واقفین نو ربوہ منعقد ہوئی۔ یہ تقریب آمین امسال 28 مئی 2009ء تا 26 مئی 2010ء تک پہلی مرتبہ قرآن کریم مکمل کرنے والے 144 واقفین نو کی تھی۔ گزشتہ سال یہ تعداد 75 بچوں پر مشتمل تھی۔ تلاوت قرآن کریم ونظم سے اس بابرکت تقریب کا آغاز ہوا۔ بعدازاں صدر مجلس نے بچوں سے قرآن کریم کے مختلف حصے سنے۔ حضور انور کی طرف سے آمدہ دعائیہ خط پڑھ کر سنایا گیا۔ حضور انور نے فرمایا۔ 27 مئی کو ربوہ میں جن واقفین نو بچوں کی آمین کی تقریب ہو رہی ہے ان کی فہرست بھی آپ کی طرف سے مل گئی ہے جزاکم اللہ احسن الجزاء سب کو میری طرف سے مبارک باد دیں اللہ آپ کے ساتھ ہو آمین۔ بعدہٗ صدر مجلس نے تمام بچوں میں قرآن کریم سادہ اور یادگار شیلڈ تقسیم کئے اور دعا کروائی۔ آخر پر تمام احباب کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ کل حاضری 300 تھی۔

لسٹ واقفین نو ربوہ برائے اجتماعی آمین

نمبر شمار	نام واقف نو	ولدیت	محلّہ
1	ثاقب ندیم	مکرم مبشر ندیم صاحب	شکور پارک
2	عاقب ندیم	مکرم مبشر ندیم صاحب	شکور پارک
3	سکندر احمد	مکرم تنویر احمد باجوہ صاحب	دارالیمن وسطی سلام
4	سعید احمد توصیف	مکرم رفیق احمد شاہد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
5	ارسلان احمد	مکرم بشارت احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
6	ولید احمد	مکرم سعید احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
7	مرزا صباح الدین	مکرم مرزا ظہیر الدین صاحب	دارالیمن وسطی سلام
8	سلمان احمد	مکرم محمد احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
9	حزقیل احمد	مکرم مرزا جمیل احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
10	ولید احمد	مکرم لطیف احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
11	نعمان احمد	مکرم بشارت احمد صاحب	دارالیمن وسطی سلام
12	لبیب احمد	والدہ شمیم طاہرہ	نصیر آباد عزیز
13	احمد کمال	مکرم محمد احسن صاحب	نصیر آباد عزیز
14	طاہر احمد رسول	مکرم مجید احمد صاحب	نصیر آباد عزیز
15	سفیر احمد	مکرم محمد جاوید صاحب	نصیر آباد عزیز
16	عاطف احمد	مکرم مختار احمد صاحب	نصیر آباد عزیز
17	ہارون باسل احمد	مکرم فیض احمد دھدر صاحب	نصرت آباد
18	فرخ محمود	مکرم محمد شریف گھمن صاحب	نصرت آباد
19	عبدالواسع	مکرم سفیر احمد صاحب	نصرت آباد
20	مصور احمد ناصر	مکرم مشہود احمد ناصر صاحب	دارالعلوم شرقی مسرور
21	تنزیل محمود	مکرم خالد محمود صاحب	دارالعلوم شرقی مسرور
22	ثاقب جاوید	مکرم جاوید اقبال صاحب	دارالعلوم شرقی مسرور
23	حسن نعمان غنی	مکرم محمد نعیم صاحب	دارالعلوم شرقی مسرور
24	انصر احمد	مکرم محمد احسن باجوہ صاحب	نصیر آباد غالب
25	محمد خلدون احمد	مکرم محمد ارشد صاحب	نصیر آباد غالب
26	عقیل احمد تنویر	مکرم تنویر الدین صابر صاحب	دارالنصر غربی اقبال
27	ادیب احمد	مکرم عزیز احمد صاحب	دارالنصر غربی اقبال
28	قدرت اللہ قوی	مکرم تنویر احمد صاحب	دارالنصر غربی اقبال
29	مصور احمد	مکرم عطاء البصیر صاحب	دارالنصر غربی اقبال
30	صباح الدین	مکرم نصیر الدین ہمایوں صاحب	دارالنصر غربی اقبال
31	فہید احمد	مکرم جاوید چٹھہ صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
32	حسان احمد	مکرم مبارک احمد صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
33	احمد الٰہی مقصود	مکرم داؤد احمد صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
34	روشان احمد	مکرم شیخ حارث احمد صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
35	حماد احمد	مکرم مبارک احمد صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
36	وجیہ الرحمٰن	مکرم عبدالرحمٰن راشد صاحب	دارالعلوم غربی ثناء
37	تانیس احمد	مکرم اکبر احمد عدنی صاحب	دارالصدر غربی قمر
38	دانش احمد	مکرم طارق احمد صاحب	دارالصدر غربی قمر
39	طلحہ علی طاہر	مکرم رانا طاہر محمود صاحب	دارالفتوح غربی ربوہ
40	تصویر احمد	مکرم عبدالقدیر قمر صاحب	دارالفتوح غربی ربوہ
41	شرجیل احمد	مکرم دلدار احمد صاحب	دارالفتوح غربی ربوہ
42	فراز احمد	مکرم سید توصیف احمد صاحب	دارالصدر شرقی الف
43	عمار احمد	مکرم طارق فواد صاحب	دارالصدر شرقی الف
44	ماہر محمود	مکرم محمود احمد خان صاحب	دارالصدر شرقی الف
45	ذیشان عباسی	مکرم شاہد احمد عباسی صاحب	دارالصدر شرقی الف
46	دانیال محمود عباسی	مکرم محمود احمد عباسی صاحب	دارالصدر شرقی الف
47	حماد احمد	مکرم محمد طفیل صاحب	دارالصدر شرقی الف
48	قاصد احمد	مکرم رانا مبارک احمد صاحب	دارالصدر شرقی الف
49	تیمور احمد بھٹی	مکرم عبدالشکور صاحب	دارالصدر شرقی الف
50	عارف احمد	مکرم ساجد محمود صاحب	دارالصدر شرقی الف
51	طاہر احمد باجوہ	مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب	دارالصدر شرقی الف
52	عریش عالم	مکرم محبوب عالم صاحب	دارالصدر شرقی الف
53	رضوان احمد اجمل	مکرم اجمل جہانزیب صاحب	دارالرحمت وسطی
54	انعام مبشر	مکرم مبشر احمد صاحب	دارالرحمت وسطی
55	سرمد احمد	مکرم حمید اللہ صاحب	دارالرحمت وسطی
56	رانا اطہر احمد	مکرم رانا رشید احمد صاحب	دارالرحمت وسطی
57	عبدالباقی	مکرم رئیس احمد صاحب	دارالرحمت وسطی
58	سلیمان احمد	مکرم عبدالرزاق صاحب	دارالنصر شرقی محمود
59	احسان بیگ	مکرم اشرف بیگ صاحب	دارالنصر شرقی محمود
60	سید عارش احمد	مکرم سید سعادت احمد صاحب	دارالنصر شرقی محمود
61	محمد عتیق	مکرم سلیم الدین صاحب	دارالنصر شرقی محمود
62	ثقلین احمد طارق	مکرم طارق احمد صاحب	دارالنصر شرقی محمود
63	فہیم احمد	مکرم ادریس احمد صاحب	دارالنصر شرقی محمود
64	حماد احمد	مکرم مرزا ضیاء اللہ صاحب	دارالنصر شرقی محمود
65	عبداللہ ڈوگر	مکرم محمد اشرف صاحب ڈوگر	دارالنصر شرقی محمود

66	شعور احمد	مکرم رضوان احمد صاحب	دارالنصر شرقی محمود
67	اریب احمد شہزاد	مکرم بشارت احمد صاحب	دارالنصر شرقی محمود
68	سید عاقب محمود	مکرم سید عامر محمود صاحب	دارالنصر شرقی محمود
69	دبیر الحق قریشی	مکرم قمر الحق قریشی صاحب	دارالصدر جنوبی
70	تمکین احمد	مکرم نصیر احمد صاحب	دارالصدر جنوبی
71	احمد سعید	مکرم محمد نصیر خان صاحب	دارالرحمت شرقی بشیر
72	لقمان احمد	مکرم ناصر احمد یوسف صاحب	دارالرحمت شرقی بشیر
73	مرزا قویم احمد	مکرم مرزا وسیم احمد صاحب	دارالعلوم شرقی نور
74	حماد احمد	مکرم بشیر احمد صاحب	دارالعلوم شرقی نور
75	شایان احمد	مکرم نعیم اللہ صاحب	دارالنصر شرقی نور
76	تحسین احمد	مکرم محمد رفیع صاحب	دارالنصر شرقی نور
77	عدیل احمد خلیل	مکرم خلیل احمد صاحب	دارالنصر شرقی نور
78	علی محمد	مکرم محمد اقبال صاحب	دارالنصر شرقی نور
79	حلیم اختر	مکرم سلیم اختر صاحب	دارالنصر شرقی نور
80	عمیر عظیم	مکرم مظہر شہباز صاحب	دارالنصر شرقی نور
81	سعادت احمد	مکرم بشارت احمد صاحب	دارالعلوم شرقی نور
82	جاذب احمد چیمہ	مکرم مظفر احمد صاحب چیمہ	دارالعلوم غربی خلیل
83	تصور احمد	مکرم مبشر احمد کاہلوں صاحب	طاہر آبا غربی
84	ثاقب احمد جاوید	مکرم محمد جاوید جنجوعہ صاحب	طاہر آباد غربی
85	عطاء الکریم	مکرم غلام مصطفیٰ صاحب	طاہر آباد غربی
86	طالوت احمد تاشف	مکرم عبدالرحمٰن صاحب عامر	نصیر آباد سلطان
87	ذوالنورین	مکرم امتیاز احمد صاحب	نصیر آباد سلطان
88	بلال احمد کامران	مکرم اعجاز احمد صاحب	دارالصدر شمالی انوار
89	راجہ ولید احمد	مکرم راجہ رشید احمد صاحب	دارالصدر شمالی انوار
90	عمیر احمد	راجہ رشید احمد صاحب	دارالصدر شمالی انوار
91	راجہ عبداللہ رشید	مکرم راجہ رشید احمد صاحب	دارالصدر شمالی انوار
92	فیضان اللہ	مکرم رانا احسان اللہ صاحب	دارالصدر شمالی انوار
93	اسد مامون	مکرم محمد سعید صاحب	دارالیمن شرقی صادق
94	کامران طارق	مکرم طارق احمد صاحب	دارالیمن شرقی صادق
95	حمدان احمد	مکرم زبیر احمد صاحب	دارالیمن شرقی صادق
96	حسان احمد چیمہ	مکرم لقمان احمد چیمہ	دارالیمن شرقی صادق
97	عبدالحسیب	مکرم عبدالوحید صاحب	دارالیمن شرقی صادق
98	صفوان احمد ندیم	مکرم حلیم احمد انجم صاحب	دارالنصر غربی منعم
99	عریف احمد وقار	مکرم عبدالحمید صاحب	دارالنصر غربی منعم
100	نوید احمد	مکرم رانا توحید احمد صاحب	دارالعلوم شرقی برکت
101	تسلیم احمد عارف	مکرم سلیم احمد صاحب	دارالعلوم شرقی برکت
102	شمائل احمد	مکرم وحید احمد صاحب	دارالعلوم شرقی برکت
103	ولید احمد	مکرم سعید احمد صاحب	احمد نگر
104	فہیم احمد	مکرم نعیم اللہ بٹ صاحب	احمد نگر
105	فرحان احمد	مکرم زاہد پرویز صاحب	احمد نگر
106	وجیہ اللہ راشد	مکرم جری اللہ راشد صاحب	کوارٹرز تحریک جدید
107	مبارز احمد عدیل	مکرم عبدالسلام انجم صاحب	دارالنصر غربی حبیب
108	عطاء الحی	مکرم بشیر احمد اٹھوال صاحب	نصیر آباد رحمٰن
109	عبدالشافی	مکرم مظفر احمد صاحب	نصیر آباد رحمٰن
110	ثاقب اسلام	مکرم عبدالسلام صاحب	نصیر آباد رحمٰن
111	وجاہت احمد	مکرم بشارت احمد صاحب	نصیر آباد رحمٰن
112	وجیہ الرحمٰن	مکرم بشارت احمد صاحب	دارالبرکات
113	مرغوب احمد	مکرم سید منور احمد صاحب	دارالبرکات
114	عاقب اقبال	مکرم شاہد اقبال بھٹی صاحب	باب الابواب غربی
115	عدنان احمد	مکرم حافظ عبدالمتین صاحب	باب الابواب غربی
116	عمر احمد فاروقی	مکرم مظفر احمد صاحب فاروقی	دارالشکر
117	شیراز احمد خان	مکرم رانا محمد سرفراز صاحب	دارالعلوم جنوبی احد
118	فیضان احمد	مکرم منور احمد صاحب	دارالعلوم جنوبی احد
119	واصل احمد	مکرم شیخ محمد ادریس صاحب	دارالعلوم وسطی
120	عبدالحی	مکرم مقبول احمد قمر صاحب	دارالنصر غربی حبیب
121	حمزہ مبشر	مکرم مبشر احمد صاحب	دارالعلوم جنوبی بشیر
122	ذیشان احمد	مکرم تنویر احمد صاحب	بیوت الحمد کالونی
123	رقیم احمد	مکرم عبدالحلیم سحر صاحب	دارالرحمت غربی
124	طیب احمد	مکرم سجاد احمد صاحب	دارالرحمت غربی
125	شعور احمد	مکرم اختر محمود صاحب	دارالرحمت غربی
126	سجیل احمد	مکرم محمد اشرف صاحب	دارالرحمت غربی
127	ہود احمد خورشید	مکرم محمود احمد خورشید صاحب	ناصر آباد شرقی
128	حضور احمد	مکرم عبدالباسط صاحب	ناصر آباد شرقی
129	فرحان محمود طاہر	مکرم حفیظ احمد صاحب	دارالصدر شمالی ہدیٰ
130	نوید احمد باجوہ	مکرم فرید احمد باجوہ صاحب	دارالصدر غربی لطیف
131	قمر احمد طاہر	مکرم عبدالغفور صاحب	باب الابواب شرقی
132	فارس احمد جنجوعہ	مکرم رحمت الٰہی جنجوعہ صاحب	باب الابواب شرقی
133	حمزہ شاہ زیب	مکرم شہزادا نور خان صاحب	باب الابواب شرقی
134	فارس احمد	مکرم فاتح الدین صاحب	باب الابواب شرقی
135	لبید احمد خالد	مکرم ندیم خالد صاحب	دارالعلوم غربی صادق
136	صباح الدین	مکرم فاتح الدین صاحب	باب الابواب شرقی
137	عبدالوہاب	مکرم عبدالحفیظ صاحب	دارالفضل غربی فضل
138	معظم احمد	مکرم مظفر احمد صاحب	دارالیمن غربی سعادت
139	احمد شاہجہان	مکرم احسان اللہ صاحب	فیکٹری ایریا احمد
140	رومل احمد	مکرم ظفر اقبال جاوید صاحب	طاہر آباد جنوبی
141	ثاقب محمود	مکرم ارشد محمود بھٹی صاحب	دارالنصر وسطی
142	عثمان اسلم	مکرم محمد اسلم صاحب	فیکٹری ایریا احمد
143	سفیر احمد گلزار	مکرم نثار احمد گلزار صاحب	دارالیمن شرقی صادق
144	عبدالباسط	مکرم عبدالوحید صاحب	دارالیمن شرقی صادق

بیٹی

آنکھوں کا نور بیٹی دل کا سرور بیٹی
تم آج جا رہی ہو اس گھر سے دور بیٹی
ماں باپ کا نہیں ہے اس میں قصور بیٹی
ارشاد ہے خدا کا حکمِ حضورؐ بیٹی

چوہدری محمد علی مضطر

مکرم منظور احمد شاد صاحب

اہلیہ محترمہ حلیمہ ناصرہ صاحبہ کا ذکر خیر

خاکسار کی اہلیہ حلیمہ ناصرہ 47 سالہ رفاقت کے بعد مورخہ 27 نومبر 2009ء کو اللہ تعالیٰ کو پیاری ہو گئیں۔ خاکسار کے والد بزرگوار حضرت میاں عبدالکریم صاحب سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں سے تھے۔ جب حضور جہلم تشریف لائے تھے تو والد صاحب نے دستی بیعت کی سعادت حاصل کی تھی۔ والد صاحب کی پہلی شادی ہماری بڑی والدہ محترمہ صالحہ بی بی صاحبہ سے ہوئی جن کے بطن سے ہماری بڑی ہمشیرہ محترمہ اسلام بی بی صاحبہ پیدا ہوئیں اور پھر لمبا عرصہ اولاد نہیں ہوئی۔

ہماری بڑی والدہ صاحبہ نے خود والد صاحب کے عقد ثانی کے لئے رشتہ طے کیا اور نکاح کی تاریخ مقرر کرنے کے بعد والد صاحب کو بتایا کہ فلاں تاریخ کو آپ کی شادی ہے والد صاحب نے حیران ہو کر پوچھا کس سے تو بڑی والدہ صاحبہ نے بتایا فاطمہ بی بی سے جن سے خاکسار، بڑے بھائی مکرم بشارت احمد صاحب مرحوم اور ہمشیرہ محترمہ سکینہ بی بی صاحبہ مرحومہ پیدا ہوئیں۔ ہم پیدا تو چھوٹی والدہ صاحبہ کے بطن سے ہوئے لیکن پالا بڑی والدہ صاحبہ نے تھا۔ کافی بڑے ہو کر خاکسار کو علم ہوا کہ ہماری سگی والدہ چھوٹی والدہ تھیں۔ مجھے یاد ہے رات کو سونے پر ہر روز ہی جھگڑا ہوتا تھا۔ میں کہتا تھا کہ میں امی کے پاس سونا ہے اور ہمشیرہ صاحبہ مرحومہ کہتی تھیں میں نے اور پھر بڑی والدہ صاحبہ ایک کو دائیں اور دوسرے کو بائیں طرف لٹا لیتیں جب کوئی ایک سو جاتا تو اسے اٹھا کر چھوٹی والدہ کے پاس لٹا دیا جاتا۔ دونوں والدہ ایک سال کے وقفہ سے یکے بعد دیگرے وفات پا گئیں۔ برادرم بشارت احمد صاحب مرحوم کی چونکہ والدہ صاحبہ کی زندگی میں ہی شادی ہو چکی تھی اس لئے ان دو بہت ہی پیار کرنے والی ہستیوں کی وفات کے بعد ننھے منظور کی کفالت بھابھی صاحبہ کے سپرد ہوئی۔ بھابھی صاحبہ نے اس عاجز کو وہ پیار دیا اور اس طرح پالا کہ ماں کبھی یاد ہی نہیں آئی۔ بڑے ہونے پر ہر کوئی یہ کہتا تھا عنایت بیگم اپنے اس لاڈلے دیور کے لئے اپنی بہن کے سوا کسی کو نہ لائے گی اور پھر فروری 1962ء میں ہماری شادی ہو گئی۔ چونکہ بچپن بھی اکٹھے گزارا تھا اس لئے ایک اعتبار سے ہمارا ساری زندگی کا سنگ تھا۔

حلیمہ ناصرہ صاحبہ شادی سے پہلے اپنے گاؤں میں صدر لجنہ تھیں کراچی آ کر انہوں نے 21 سال تک ایئرپورٹ پولیس لائن میں دو نسلوں کو قرآن کریم پڑھایا۔ اب بھی ان کے بہت سے شاگرد محکمہ پولیس میں ہیں۔ جرمنی آ کر بھی لجنہ کی تنظیم میں مختلف حیثیتوں سے خدمت کا موقع ملا۔ دو سال صدر لجنہ Mainz بھی رہیں۔ انہوں نے بعض ایسی خوابیں دیکھیں جو حیرت انگیز طور پر پوری ہو گئیں۔ اختصار کے ساتھ دو کا ذکر کرتا ہوں۔ شادی کے بعد انہوں نے اس وقت جب کہ میرے پاس کوئی خاص ذمہ داری نہ تھی اور میں سائق کے طور پر خدمت کر رہا تھا خواب میں دیکھا کہ احمدیہ ہال میں ایک خوبصورت مینار ہے جس پر ان لوگوں کے نام کندہ ہیں جنہیں تاریخی خدمات بجالانے کا موقع ملا ہے اور اس میں میرا نام بھی شامل ہے۔ بعد میں خاکسار صدر حلقہ، قائد مجلس اور پھر قائد ضلع کراچی مقرر ہوا اور ہماری مجلس تین سال تک پاکستان بھر میں اول قرار پاتی رہی اور بحیثیت نائب امیر و نگران سندھ و بلوچستان تاریخی خدمات کا موقع ملا۔ مزید برآں ناظم سٹیج جلسہ سالانہ انگلستان سات سال تک خدمات بجا لانے کا موقعہ ملا۔ کہاں ایک سائق اور کہاں اتنی بڑی بڑی اور اہم ذمہ داریاں۔

اسی طرح مکرم پروفیسر عبدالسلام صاحب مرحوم کے بارے میں بہت پہلے خواب دیکھا کہ بار بار اعلان ہو رہا ہے کہ پروفیسر صاحب ریڈیو اور ٹی وی پر قوم سے خطاب کریں گے۔ خواب میں انہوں نے سوچا ہمارے گھر تو ٹیلیویژن نہیں ہے اور ہمسایوں کے گھر چلی جاتی ہیں وہاں جا کر دیکھتی ہیں کہ پروفیسر صاحب نے داڑھی رکھی ہوئی ہے اور شک میں پڑ جاتی ہیں کہ کیا یہی پروفیسر صاحب ہیں۔ صبح جب انہوں نے مجھے خواب سنائی تو میں نے بتایا کہ تم نے جو پروفیسر صاحب کا فوٹو دیکھا ہوا ہے وہ بغیر داڑھی کے ہے اور اب انہوں نے داڑھی رکھی ہوئی ہے۔ یہ خواب خاکسار نے ان کے ایک عزیز کو سنائی اور اس طرح مکرم پروفیسر صاحب تک پہنچ گئی۔ نوبیل انعام ملنے پر جب پروفیسر صاحب ربوہ تشریف لائے تو ان کے برادر اصغر مکرم چوہدری عبدالوہاب صاحب ملے اور کہنے لگے میں تمہیں تلاش کر رہا تھا۔ بھائی جان نے کہا ہے اس بہن سے کہو وہ خواب اصل الفاظ میں لکھ کر دے چنانچہ خواب پھر لکھ کر پہنچا دی گئی۔

شروع سے دعا گو تھیں۔ ایک بار ہمارے گھر کے سامنے جلسہ ہو رہا تھا۔ ابھی جلسہ شروع نہیں ہوا تھا کہ ایک کیسٹ لگا دی گئی جس میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے خلاف بہت گندی زبان استعمال کی گئی تھی۔ یہ گھر پر اکیلی تھیں انہوں نے اسی وقت وضو کیا اور نوافل شروع کر دیئے۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا جب کہ بظاہر کوئی آثار نہ تھے کہ شدید آندھی اور بارش پر مشتمل طوفان آیا ٹینٹ قناتیں سب اکھڑ گئے بجلی فیل ہو گئی اور جلسہ درہم برہم ہو گیا۔

خاکسار کو اپینڈکس کی تکلیف تھی جب بھی درد ہوتا مصلے پر کھڑی ہو جاتیں۔ ایک بار عباسی شہید ہسپتال میں آپریشن تھیئٹر میں لے گئے اہلیہ نے ہسپتال میں ہی باہر برآمدے میں چادر ڈال کر نوافل شروع کر دئے۔ درد جاتا رہا اور بغیر آپریشن گھر آ گئے۔ چندہ جات ہمیشہ اول وقت میں ادا کرتیں۔ خاکسار ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو چندہ جات ادا کیا کرتا ہے لیکن انصار اللہ کا چندہ دو تین ماہ بعد اکٹھا دیتا ہے ان کا کہنا تھا کہ ہر ماہ دیا کرو۔ آخری بیماری میں جب یادداشت متاثر ہو چکی تھی مجھے ایک دن میں تین بار پوچھا انصار اللہ کا چندہ دے دیا ہے۔ ذرا سی بات ہوتی تو کہتیں سب سے پہلے حضور انور کو دعا کے لئے لکھو اور دوسرے خواہ کتنی تھوڑی رقم ہو صدقہ نکال کر رکھ دیتیں اور پاکستان میں بعض مستحقین کو بھجواتی رہتیں۔ اگر میں کہوں کہ میری کامیاب زندگی کے پیچھے مرحومہ کا بہت حد تک ہاتھ تھا تو بے جا نہ ہوگا۔ تنخواہ تھوڑی تھی اسی میں نہ صرف گزارہ کرتیں بلکہ آڑے وقت کے لئے بچا کر رکھتیں میری زندگی میں کئی ایسے مواقع آئے کہ عین وقت پر خلاف توقع گھر سے ہی رقم نکال کر دے دی۔ قارئین کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند سے بلند تر کرتا چلا جائے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

غزل

شعروں کی بارات میں سارے دولہے حرف
فکر خیال کے جھولوں پر ہیں لیتے جھولے حرف

گو تھیں لمبی بہت قطاریں حرفوں کی لیکن
ہم نے استعمال کئے نہ لنگڑے لُولے حرف

متروکات کی بیساکھی سے رہے ہمیشہ دُور
سامنے لے کر آئے جو لوگوں کو بھولے حرف

ہم نے پُروا، پون، صبا سے رکھی پریت ہمیش
صَر صَر کے ہاتھوں نہ ہم نے کبھی وصولے حرف

مرشد کے منصب کی جو تکریم کے منکر تھے
خاموشی سے ڈال دیئے وہ ہم نے چولہے حرف

جو لوگوں کی سمجھ نہ آئے شعر وہ کیا ہے شعر
وہ کس کام کا قدسیؔ جو نہ دل کو چُھولے حرف

عبدالکریم قدسیؔ

مکرم ہومیوڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

زیادہ پانی پینے کی 10 وجوہات

1- پانی انسانی جسم کا ایک ضروری جز ہے انسانی جسم 43 سے 75 فیصد تک پانی پر مشتمل ہے جس کا انحصار انسان کی عمر اور جسم کی چربی وغیرہ پر ہے۔

آپ خوراک کے بغیر بآسانی 4 سے 8 ہفتے اندازاً رہ سکتے ہیں۔ لیکن یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ عام درجہ حرارت پر پانی کی کمی کی وجہ سے 10 دنوں کے اندر اندر کسی شخص کی موت واقع ہوسکتی ہے۔

2- پانی ایک قوت بخش عامل کے طور پر کام آتا ہے۔ پانی پورے جسم میں گردش کرتا ہے اسی کے ذریعے آکسیجن اور دیگر غذائی اجزاء جسم کے دوسرے حصوں اور خلیوں تک پہنچتے ہیں۔

یہ بہت سے غذائی اجزاء اور نمکیات کے لئے بطور محلل کام کرتا ہے تاکہ وہ حل ہوکر جسم کے کام آسکیں۔

3- پانی جسم کی صفائی کا ذریعہ بھی بنتا ہے یہ پیشاب اور پسینہ کی صورت میں بہت سے غیر ضروری مادہ جات کو جسم سے خارج کرتا ہے۔ جوکہ ہمارے جسم میں پانی کا ایک انتہائی اہم کام ہے جسے عام طور پر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

4- پانی گردے کی پتھری کے خطرات کو کم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ گردے خون سے غیر ضروری مادے پیشاب کے عمل کے ذریعہ جسم سے باہر نکالتے ہیں۔

پیشاب میں چند مخصوص قسم کے نمکیات کا اضافہ گردے کی پتھری بننے کے خطرات کو بڑھانے کا سبب بنتا ہے اکثر اوقات اس قسم کے خطرات کو پانی کے کثرت استعمال سے کم کیا جاسکتا ہے تاکہ پیشاب میں کم سے کم نمکیات پیدا ہوں۔

عام طور پر بالغوں کو گردے کی پتھری سے خود کو محفوظ رکھنے کے لئے 250 ایم ایل سے 350 ایم ایل کا گلاس پانی کا استعمال تجویز کیا جاتا ہے۔

پانی لو (Sunstroke) لگنے کے خطرات کو بھی کم کرتا ہے۔ پانی ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو ہمارے جسم کے درجہ حرارت کو ایک مناسب حد کے اندر رکھتا ہے۔

جس روز شدید گرمی پڑتی ہے تو ہمارا جسم زیادہ پسینہ خارج کرتا ہے اور دوسرے الفاظ میں زیادہ پانی خارج کرتا ہے۔ اور جب عمل بخارات کے ذریعہ پسینہ خارج ہورہا ہوتا ہے تو ہمارے جسم کو ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر جسم میں پانی کی مناسب مقدار موجود نہ ہو گی تو درجہ حرارت کی یہ حرکت ایک دم سے شدید متاثر ہوتی ہے جس کی وجہ سے جسم کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے جو کہ لو لگنے کا سبب بنتا ہے۔ شدید قسم کا سن سٹروک جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے۔

6- پانی بلڈ پریشر کو کم کرنے کا موجب بھی بنتا ہے جب آپ کے جسم سے مختلف حالات جیسا کہ زیادہ پانی نہ پینا بہت زیادہ ورزش کرنا یا بخار وغیرہ ہوجانا کی وجہ سے بہت سے مائعات کا اخراج ہونے لگے تو ہمارا جسم پانی کی اس کمی کو خون سے پانی حاصل کرکے پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے جس کے نتیجہ میں بلڈ پریشر بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔ لہٰذا اس قسم کی صورت حال سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ پانی کی ایک مناسب مقدار کا استعمال کیا جائے۔

7- پانی دل کے امراض لاحق ہونے کے خطرات کو بھی کم کرتا ہے جس کا تعلق بھی درج بالا بیان سے ہے۔ کیونکہ جسم میں پانی کی کمی کی وجہ سے جسم کے خلیے اور ٹشوز خون سے پانی جذب کرتے ہیں اور یوں خون میں پانی کی مقدار کم ہوجاتی ہے اور خون کے بہاؤ کی رفتار کم ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے بلڈ پریشر بڑھنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

بلڈ پریشر کا بڑھنا اس بات کی علامت ہے کہ آپ کے دل کو اس حد سے زیادہ کام کرنا پڑ رہا ہے جس حد تک اسے بالعموم کرنا چاہئے۔ کیونکہ دل کوشش کرتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ پانی عمل اخراج والے اعضاء تک پہنچایا جائے تاکہ خون کے حجم کی کمی کا سامنا کیا جا سکے۔ لہٰذا اسی وجہ سے دل سے متعلقہ بیماریاں لاحق ہونے کا خطرہ پیدا ہوجاتا ہے۔ اس قسم کی صورت حال سے بچنے کا واحد حل زیادہ سے زیادہ پانی کا استعمال ہے تاکہ خون کا مطلوبہ حجم برقرار رہے اور دل کو اپنی استطاعت سے بڑھ کر کام نہ کرنا پڑے۔

8- پانی ہماری جلد کو بھی عمدہ حالت میں رکھتا ہے۔ پسینہ کی صورت میں ہمارے جسم سے بہت سا غیر ضروری مواد خارج ہوجاتا ہے۔ اور ہماری جلد شفاف صحت مند اور جاذب نظر ہو جاتی ہے۔ اس کے برعکس اگر جسم میں پانی کی کمی ہوگی جبکہ دوسری جانب جسم سے پسینہ خارج ہورہا ہوگا تو ہماری جلد خشک اور جھری دار نظر آئے گی۔

9- پانی غیر ضروری کیلوریز سے بھی پاک ہوتا ہے لہٰذا دیگر مشروبات کی بجائے پانی کو اپنی خوراک کا لازمی جز بنائیں تاکہ آپ کے جسم میں کیلوریز نہ بڑھنے پائیں اور نتیجتاً آپ کا وزن بھی نہ بڑھے۔ لہٰذا جب بھی آپ کا کھانے پینے کا کوئی پروگرام ہو، آپ کسی ریسٹورانٹ جارہے ہوں تو کولا اور سوڈا وغیرہ کی بجائے پانی کو ترجیح دیں۔

10- پانی بھوک کو بھی ماردیتا ہے۔ اس کا تعلق بھی درج بالا نکتہ سے ہے۔ چونکہ پانی میں کیلوریز نہیں ہوتیں لہٰذا یہ ہمارے معدے میں ایک آئیڈیل فلر یعنی ''بھرنے والا'' کے طور پر کام کرتا ہے لہٰذا جب آپ پانی پیتے ہیں تو آپ کا معدہ بھر جاتا ہے اور آپ کو یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ کا معدہ بھرا ہوا ہے اور آپ کو مزید بھوک نہیں ہے۔ لہٰذا پانی ان لوگوں کے لئے تو خاص طور پر انتہائی مفید ہے جو اپنا وزن کم کرنے کے لئے اپنی بھوک مارنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مکرم محمود احمد قریشی صاحب

محترم محمد صدیق شاکر صاحب۔ ایک مخلص خدمتگار

محترم محمد صدیق صاحب شاکر جو مکرم غلام نبی صاحب کے فرزند تھے۔ یکم جولائی 2000ء کو بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ آپ خدمت دین، خدمت خلق، حسن اخلاق اور حسن کارکردگی کی وجہ سے زندہ جاوید ہیں۔ گو ان کی وفات کو دس سال گزر چکے ہیں۔ مگر جب بھی جماعت احمدیہ لاہور میں کوئی اجتماع یا ہنگامی تقریب منعقد ہوتی ہے تو آنکھیں ان کو تلاش کرتی ہیں۔ کیونکہ وہ عموماً ہر اجتماع میں تشریف لاتے اور ضروری خدمت بجالانے والی شخصیت تھے۔

محترم شاکر صاحب سے میری شناسائی 1952ء میں ہوئی جب خاکسار ملازمت کے سلسلہ میں ربوہ سے لاہور آیا۔ ہمیں مجلس خدام الاحمدیہ اور مجلس انصاراللہ لاہور میں اکٹھے کام کرنے کے مواقع میسر آتے رہے۔ اسی وجہ سے ان سے گہرا دوستانہ تعلق قائم ہوگیا۔ بعدازاں جماعت احمدیہ لاہور کے مختلف جماعتی عہدوں پر ہمیں اکٹھے خدمات بجالانے کا موقع ملتا رہا۔ ان کو صدر حلقہ جماعت احمدیہ بھاٹی گیٹ رہنے کی سعادت قریباً پچیس سال سے زائد عرصہ اپنی وفات تک حاصل رہی اور اس کام کو انہوں نے بہت خوش اسلوبی سے سرانجام دیا۔ اپنے حلقہ کے تمام افراد کے گھروں تک ذاتی رسائی اس قدر تھی کہ ہر خوشی، غمی اور چندہ وصول کرنے کے لئے وہ گھر میں جانا اپنا فرض سمجھتے تھے اور سارے حلقہ کے افراد کو ایک ہی خاندان کی طرح بنانے میں ان کا بے حد دخل تھا۔ ان کی مساعی جمیلہ کی وجہ سے حلقہ کے تمام افراد یک جان نظر آتے تھے۔ جماعت احمدیہ لاہور کے سیکرٹری وقف جدید بھی انہیں ان کی وفات تک منتخب کیا جاتا رہا اور ان کو وقف جدید کے سلسلہ میں نمایاں خدمات بجالانے کا موقع ملتا رہا۔ اسی طرح قریباً ہر سال مجلس مشاورت مرکزیہ کے نمائندہ کے طور پر منتخب ہوتے رہے اور شوریٰ کی سب کمیٹی کا ممبر بننے کا بھی بارہا شرف حاصل ہوتا رہا۔

وہ اپنے اہل وعیال کے لئے نہایت شفیق سربراہ دوستوں کے لئے معین و مددگار اور ان کی تکلیف کے وقت غمگسار اور عام احباب کے لئے مستعد خدمت گزار اور ملنے والوں کو ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے تھے نیز ان کے عزیز واقرباء یا احباب نے جب بھی ان کو مدد کے لئے پکارا وہ فوراً اس کے ازالہ کے لئے کوشش کرتے تھے اور ان کی اس عادت کی وجہ سے وہ ایک ہردلعزیز شخصیت تھے۔ ان کو خلافت اور سلسلہ احمدیہ کے ساتھ نہایت ہی عقیدت اور وابستگی تھی۔ ان کی اور ان کے چند اور رفقاء کار کی یہ عادت تھی کہ جب وہ اپنے دفاتر سے فارغ ہوتے تو گھر جانے سے پہلے نیلا گنبد میں مکرم محمد یحییٰ صاحب کی دکان پر حاضر ہوتے اور اگر کوئی جماعتی خدمت کی ضرورت ہوتی تو سرانجام دیتے تھے۔

1954ء میں لاہور میں آنے والے سیلاب میں ان کو نمایاں خدمات کا موقع ملا۔ 1965ء میں محترم محمد یحییٰ صاحب اور ان کے چند رفقاء کار جن میں مکرم محمد صدیق صاحب شاکر بھی شامل تھے۔ ان کے سپرد ایک کام کیا گیا جسے انہوں نے نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیا جس پر حضرت مصلح نے اظہار خوشنودی کرتے ہوئے فرمایا کہ:

''مبارک محمود صاحب مجھے مل گئے ہیں۔ ان کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ خدام الاحمدیہ نہایت اعلیٰ کام کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ جب ہم بیماری اور بڑھاپے کا شکار ہوئے تو اس نے نوجوانوں کو ہمت بخشی اور انہوں نے نہایت ضروری بوجھ اٹھالیا، بہرحال میں خدام الاحمدیہ لاہور سے خوش ہوں۔ بہت خوش اتنا کہ آپ اس وقت اس کا اندازہ بھی نہیں کرسکتے''۔

(لاہور تاریخ احمدیت ص619 مؤلفہ شیخ عبدالقادر)

الغرض انہوں نے خدام الاحمدیہ اور انصاراللہ کی مجالس میں جماعت کی طرف سے ملنے والے فرائض کو نہایت خوش اسلوبی سے ہمیشہ سرانجام دیا ان کے اخلاق اور جاں نثاری کی وجہ سے آج تک ان کی یاد تازہ اور دل سے دعائیں نکلتی رہتی ہیں۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ و ارفع مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ہر آن ان کا حافظ و ناصر ہو اورانہیں اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بہترین خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے اور نافع الناس وجود بناوے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 103027 میں محمد خان مجوکہ

ولد شہادت مجوکہ قوم مجوکہ پیشہ ڈرائیونگ عمر 49 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-03-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مشترکہ مکان (میں $\frac{1}{4}$ حصہ) برقبہ 10 مرلے واقع ناصر آباد ربوہ اندازاً مالیتی -/50,00,000 روپے (2) رہائشی پلاٹ برقبہ 15 مرلے واقع بیوت الحمد کالونی ربوہ اندازاً مالیتی -/110,0,000 روپے (3) مشترکہ زرعی اراضی برقبہ 13 کنال واقع عمر آباد مجوکہ ضلع خوشاب اندازاً مالیتی -/325000 روپے حصہ دران میں 2 بھائی اور ایک بہن شریک ہے۔ (4) زرعی زمین برقبہ 2 کنال 14 مرلے واقع کچہ مجوکہ ضلع سرگودھا اندازاً مالیتی -/101250 روپے (5) مشترکہ رہائشی مکان (میں دو بھائی حصہ دار ہیں) واقع عمر آباد مجوکہ ضلع خوشاب اندازاً مالیتی -/30,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/550 پاؤنڈ ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد خان مجوکہ گواہ شد نمبر 1 منیر احمد مجوکہ گواہ شد نمبر 2 محمد ابراہیم مجوکہ

مسل نمبر 103028 میں امتہ النعیم

زوجہ محمد خان مجوکہ قوم مجوکہ پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-03-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر وصول شدہ مبلغ -/2500 روپے (2) طلائی زیور وزنی 69 گرام 4. ملی گرام اندازاً مالیتی -/1450 پاؤنڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ امتہ النعیم گواہ شد نمبر 1 منیر احمد مجوکہ گواہ شد نمبر 2 محمد ابراہیم مجوکہ

مسل نمبر 103029 میں Naseer

ولد Mahmood Shabooti قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 31-01-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/1800 پاؤنڈ ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Nasser گواہ شد نمبر 1 Syed Tahir Ahmad گواہ شد نمبر 2 Raja Masood Ahmed

مسل نمبر 103030 میں Nadia

زوجہ Nasser Shabooti قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 37 سال بیعت 2000ء ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 31-01-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مبلغ -/4410 پاؤنڈ (2) طلائی زیور وزنی 75 گرام اندازاً مالیتی -/1411 پاؤنڈ (3) مشترکہ رہائشی مکان (از ترکہ والدین) اندازاً مالیتی -/13225 پاؤنڈ (حصہ دران میں 3 بھائی اور 3 بہنیں شامل ہیں) اس وقت مجھے مبلغ -/250 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Nadia گواہ شد نمبر 1 Syed Tahir Ahmad گواہ شد نمبر 2 Raja Masood Ahmad

مسل نمبر 103031 میں

Toseef Ahmad Anwar

ولد Saeed Ahmad Anwar قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-12-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1888 پاؤنڈ ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Toseef Anwar گواہ شد نمبر 1 Saeed Ahmad Anwar گواہ شد نمبر 2 Waqas Anwar

مسل نمبر 103032 میں Durre Sameen

زوجہ Toseef Ahmad Anwar قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-12-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور اندازاً مالیتی -/3000 پاؤنڈ (2) حق مہر وصول شدہ مبلغ -/10,000 پاؤنڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Durre Sameen گواہ شد نمبر 1 Waqaas Anwar گواہ شد نمبر 2 Saeed Ahmad Anwar

مسل نمبر 103033 میں پائندہ سمن خاں

بنت عبدالواسع خاں قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-11-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/30 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ پائندہ سمن خاں گواہ شد نمبر 1 عبدالواسع خاں گواہ شد نمبر 2 عدنان متین احمد خان

مسل نمبر 103034 میں انعم ماریہ خاں

بنت عبدالواسع خاں قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-11-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/30 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ انعم ماریہ خاں گواہ شد نمبر 1 عبدالواسع خاں گواہ شد نمبر 2 عدنان متین احمد

مسل نمبر 103035 میں

Muhammad Arif

ولد Munawar Nasir قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 02-11-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاؤنڈ ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Arif گواہ شد نمبر 1 Mirza Muzaffar Ahmad وصیت نمبر 33024 گواہ شد نمبر 2 Ch.Imtiaz Ahmad

مسل نمبر 103036 میں عالیہ عارف

زوجہ محمد عارف قوم ککے زئی پیشہ خانہ داری عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 02-11-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مبلغ -/50,000 روپے (2) طلائی زیور وزنی $10\frac{1}{2}$ تولے اندازاً مالیتی -/1900 پاؤنڈ اس وقت مجھے مبلغ -/50 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عالیہ عارف گواہ شد نمبر 1 محمد عارف گواہ شد نمبر 2 مرزا مظفر احمد

مسل نمبر 103037 میں اعجاز احمد

ولد نیاز احمد قوم گجر پیشہ ملازمت عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U . K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-07-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/832 پاؤنڈ ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اعجاز احمد گواہ شد نمبر 1 شکیل احمد گواہ شد نمبر 2 جاوید احمد

مسل نمبر 103038 میں خالدہ پروین

زوجہ اعجاز احمد قوم گجر پیشہ خانہ داری عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U . K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-07-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 10 تولے اندازاً مالیت -/2500 پاؤنڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/332 پاؤنڈ ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ خالدہ پروین گواہ شد نمبر 1 شکیل احمد گواہ شد نمبر 2 جاوید احمد

مسل نمبر 103039 میں

Touqeer Ahmed Tanvir

ولد Tanvir Uddin Ahmed Khan قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-11-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/30 پاؤنڈ ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Touqeer Ahmed Tanvir گواہ شد نمبر 1 Tanvir Uddin A Khan گواہ شد نمبر 2 Muhammad Din

مسل نمبر 103040 میں

Muhammad Mumtaz

ولد Malik Muhammad Khan قوم کھوکھر پیشہ ریٹائرڈ عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-01-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان برقبہ 7 مرلے واقع ضلع فیصل آباد پاکستان اندازاً مالیت -/140,0000 روپے (2) رہائشی پلاٹ برقبہ $3\frac{1}{2}$ مرلے واقع ضلع فیصل آباد پاکستان اندازاً مالیت -/60000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاؤنڈ ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں

تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Muhammad Mumtaz گواہ شد نمبر1 Muhammad Tariq Safdar گواہ شد نمبر2 Hameed Ahmad Karamat

مسل نمبر 103041 میں Saleem A Raja

ولد R Ziauddin Arshad قوم راجپوت پیشہ...... عمر 73 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-01-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاؤنڈ ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Saleem A Raja گواہ شد نمبر1 W.A.Nasir گواہ شد نمبر2 Suhail A Raja

مسل نمبر 103042 میں Hamad Pasha

ولد Khair Mohammad Pasha قوم...... پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-11-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/30 پاؤنڈ ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Hamad Pasha گواہ شد نمبر 1 Khair Mohammad گواہ شد نمبر2 Kashif Virk

مسل نمبر 103043 میں

Tahir Ahmad Khalid

ولد Naseer Ahmad Khalid قوم...... پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-12-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/30 پاؤنڈ ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Tahir Ahmad Khalid گواہ شد نمبر 1 Masood Ahmad Raja گواہ شد نمبر2 Mansoor Ahmad

مسل نمبر 103044 میں

Nabeel Ahmed Kang

ولد Ghulam Abbas قوم...... پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-12-12 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/120 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Nabeel Ahmed Kang گواہ شد نمبر1 Ch.Waseem Ahmad گواہ شد نمبر2 Nasir Malik

مسل نمبر 103045 میں نسیم اصغر

زوجہ وسیم احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-12-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مبلغ-/50,000 روپے (2) طلائی زیور وزنی $8\frac{3}{4}$ تولے اندازاً مالیتی-/1775 پاؤنڈ اس وقت مجھے مبلغ-/150 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔نسیم اصغر گواہ شد نمبر1 Saifullah Arif گواہ شد نمبر2 Vasim Ahmed

مسل نمبر 103046 میں منور احمد مبشر

